کی جماعت اہل حدیث کے علماء، مولانا موصوف سے تعاون کریں اور خود علامہ سعیدی صاحب تفحص اور تجسس کے دائرہ کو زیادہ وسیع کرنے کی کوشش کریں۔

جماعت اہل حدیث اس امر کی مدعی ہے کہ دین میں آراء الرجال دین نہیں ہیں، بلکہ ایک ایسا مردار ہیں جو اضطرار کے بغیر دینی دسترخوان پر لانا جائز نہیں ہے، اس لیے کتاب و سنت کے شواہد کا التزام ضروری ہوتا ہے۔ مگر ہم نے محسوس کیا ہے کہ بعض فتاوے ایسے بھی ہیں جو صرف "آراء" کے آئینہ دار ہیں، وہاں کتاب و سنت سے کوئی شاہد بیان نہیں کیا گیا۔ اگر حاشیہ میں اختصار سے اس کی نشاندہی بھی کر دی جایا کرے تو کیا ہی اچھا ہو۔

جلد پنجم "کتاب الجنائز" اور جلد ششم "کتاب الصیام" پر مشتمل ہے اور اس سلسلے کے جتنے فتوے موصوف کو ہاتھ لگ سکے ہیں یا جن کو مناسب سمجھا ہے، ان میں جمع کر دیا ہے۔ یوں معلوم ہوتا ہے کہ موصوف کے سامنے وہ تمام کتابچے اور جرائد نہیں ہوتے جن میں وہ چھپتے ہیں یا چھپ چکے ہیں۔ یہ شکل گزارہ کی ہے محقق نہ مہروے کی نہیں ہے۔ اس کے علاوہ چاہیے کہ معروف درسگاہوں سے رابطہ قائم رکھیں، وقتاً فوقتاً ان سے جو فتوے جاری کیے جاتے ہیں وہ بھی حاصل کر لیا کریں۔ یہ کام روز روز نہیں ہوتے، خدا جانے پھر اس طرف کوئی توجہ دے یا نہ دے۔ اس لیے تا وقت تحریر اور تسوید جو فتاوے شائع ہو رہے ہیں وہ رہ نہ جائیں۔ اپنی حد تک جو جامعیت ملحوظ ہے اس کا تو اتمام ہوتا رہا ہے۔

علامہ سعیدی مدظلہ العالی نے جو بیڑا اٹھایا ہے، ایک عظیم جہاد ہے اور تنہا فرد کی حیثیت سے جن ناسازگار حالات میں وہ اس شمع کو جلانے کا اہتمام کر رہے ہیں وہ کرامت سے کم نہیں ہے۔ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ موصوف کو اس کا اجر جزیل عنایت فرمائے اور جو مقصد لے کر اٹھے ہیں، اس میں ان کو کامیاب فرمائے۔ آمین۔

(۲)

۱۔ حکایات عزیمت	جناب بدر عالم
صفحات	۹۶
قیمت	۳/۶۰ روپے
۲۔ حضرت مجدد الف ثانیؒ کے سیاسی مکتوبات	جناب آباد شاہ پوری
صفحات	۲۲۴
قیمت	۹/- روپے